# روس کا خارکیف پر فضائی حملہ، 22 افراد زخمی

## یوکرین بھر میں روسی حملوں سے آٹھ ہلاکتیں



کیف، 28 ستمبر (یو این آئی) یوکرین کے شمال مشرقی شہر خارکیف میں روسی فوج کے ایک حملے میں کم از کم 22 افراد زخمی ہو گئے، جن میں بچے بھی شامل ہیں۔ یہ حملہ ملک بھر میں روسی حملوں کے نتیجے میں آٹھ افراد کی ہلاکت کے ایک دن سے بھی کم وقت بعد ہوا۔ خارکیف کے میئر ایہور تیریخوف نے اپنے ٹیلی گرام اکاؤنٹ پر بتایا کہ پیر کی صبح روسی فوج کے ایک گائیڈڈ فضائی بم نے ایک رہائشی عمارت کو نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں کثیر المنزلہ عمارت کی دو منزلیں تباہ ہو گئیں۔ انہوں نے بتایا کہ زخمیوں میں چھ بچے بھی شامل ہیں۔ اتوار کو بھی یوکرین بھر میں روسی حملوں کی اطلاعات موصول ہوئیں۔ یوکرین کے وزیر داخلہ ایوان وہیوسکی نے بتایا کہ شمالی شہر سومی میں فضائی حملوں کے نتیجے میں بچوں کے ایک مرکز کو نقصان پہنچا اور تین افراد، جن میں 16 سالہ لڑکی بھی شامل ہے، ہلاک ہو گئے۔ ادھر اوڈیسا کے علاقے کے حکام نے بتایا کہ بحیرہ اسود کے جنوبی علاقے میں ایک بڑے پیمانے کے حملے میں ایک شخص ہلاک ہو گیا۔ حملے میں رہائشی عمارتوں، ایک دکان، ایک ہوٹل، ایک طبی عمارت اور اناج کے گودام کو نقصان پہنچا۔ دارالحکومت کیف میں میئر وٹالی کلچکو نے بتایا کہ ایک خاتون اور دو 16 سالہ نوجوان زخمی ہو گئے، جنہیں اسپتال میں داخل کرایا گیا۔ شہر کی انتظامیہ نے کہا دشمن حملہ آور ڈرونز کے ذریعے کیف کے علاقے پر مسلسل حملے کر رہا ہے۔ انتظامیہ کے مطابق حملوں میں 16 مقامات کو نقصان پہنچا، جن میں 12 مکانات، ایک گودام اور ایک پیداواری مرکز شامل ہیں۔ یوکرین کے صدر ولودیمیر زیلنسکی نے اتوار کو کہا کہ جنوبی علاقے زاپوریژیا میں روسی حملوں میں تین افراد ہلاک ہوئے، جبکہ کیف میں روسی ڈرون حملے میں ایک شخص مارا گیا۔ زیلنسکی نے اپنے ایکس اکاؤنٹ پر جاری ایک بیان میں کہا کہ روس نے گزشتہ ایک ہفتے کے دوران یوکرین کے خلاف 2,200 سے زیادہ حملہ آور ڈرون، 1,630 فضائی بم اور مختلف نوعیت کے 38 میزائل داغے۔ بعد میں اپنے ایک بیان میں زیلنسکی نے کہا، اگر روس واقعی کشیدگی میں کمی کی جانب کسی حقیقی قدم کی تیاری کر رہا ہوتا، جیسا کہ وہ امریکی مذاکرات کاروں سے دعویٰ کرتا ہے، تو شہید ڈرونز کے ذریعے دہشت کی یہ لہر جاری نہ ہوتی۔ انہوں نے ان ڈرونز کا حوالہ دیا جنہیں روس یوکرین کے خلاف استعمال کرتا ہے اور جو ایران میں تیار کیے گئے ہیں۔ ماسکو میں روسی وزارت دفاع نے کہا کہ اس نے کیف میں ٹیلی کمیونیکیشن کمپنی کیف اسٹار کے ایک ڈیٹا سینٹر اور اومیگا ٹیلی کام کے ایک اور ڈیٹا سینٹر کو نشانہ بنایا ہے۔ وزارت کے مطابق یہ دونوں کمپنیاں یوکرینی فوج کو خدمات فراہم کر رہی تھیں۔ روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف نے ہفتے کے روز نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ماسکو اپنی فوجی مہم آخر تک جاری رکھنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ ادھر مقامی اطلاعات کے مطابق پیر کو یوکرینی ڈرونز نے روس کے کراسنودار خطے میں ایک تیل کے ڈپو کو نشانہ بنایا۔ یوکرینی ٹیلی گرام چینل ایگزیلینو وا پلس نے ایک بڑے پیمانے پر لگی آگ کی ویڈیو جاری کی اور اس مقام کی شناخت پاولوسکایا آئل ڈپو کے طور پر کی۔ اب تک کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ہے۔ یوکرین نے حالیہ ہفتوں کے دوران روس کے تیل کے بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنانے کی کارروائیوں میں اضافہ کیا ہے۔ روس اور یوکرین کے درمیان جنگ کے خاتمے کے لیے امریکہ کی قیادت میں ہونے والے مذاکرات کسی پیش رفت کا باعث نہیں بن سکے ہیں۔ یہ جنگ فروری 2022 میں روس کے یوکرین پر مکمل حملے کے بعد شروع ہوئی تھی۔ اقوام متحدہ نے جنگ کے نتیجے میں شہریوں پر پڑنے والے بڑھتے ہوئے اثرات اور جانی نقصان پر تشویش ظاہر کی ہے۔

## روس کے ڈرون حملے دہشت گردی ہیں: زیلنسکی

### کیف سمیت مختلف علاقوں میں دو ہلاک، درجنوں زخمی



کیف، 28 ستمبر (یو این آئی) یوکرین کے صدر ولودیمیر زیلنسکی نے پیر کو کنڈرگارٹن، اسکولوں اور رہائشی علاقوں پر روسی ڈرون حملوں کو دہشت گردی قرار دیا۔ انہوں نے یہ بیان رات بھر جاری رہنے والے روسی حملوں میں یوکرین بھر میں کم از کم دو افراد کی ہلاکت اور درجنوں کے زخمی ہونے کے بعد دیا۔ زیلنسکی نے ایکس پر ایک پوسٹ میں کہا، دنیا میں کہیں بھی اہداف کے اس انتخاب کو ایک ہی لفظ میں بیان کیا جائے گا اور وہ ہے دہشت گردی۔ انہوں نے مزید کہا کہ روس کے پاس کوئی فوجی ہدف سرے سے موجود نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ صرف کیف میں روسی جیٹ انجن والے ڈرونز نے دو کنڈرگارٹن اور دو اسکولوں کے علاوہ ایک رہائشی عمارت، کار مرمت کی ایک دکان، کئی گوداموں اور مواصلاتی تنصیبات کو نشانہ بنایا۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ روز سے روسی افواج نے مختلف اقسام کے 277 حملہ آور ڈرون استعمال کیے، جن میں 155 جیٹ انجن والے ڈرون شامل تھے۔ زیلنسکی کے مطابق، نقصان پہنچنے والی عمارتوں میں سعودی عرب کے سفیر کی رہائش گاہ کے طور پر استعمال ہونے والی ایک عمارت بھی شامل ہے۔ دنیپرو خطے میں ایک اسپورٹس اسکول اور سومی خطے میں بچوں کا ایک علاقائی مرکز بھی حملے میں متاثر ہوا۔ روس نے یوکرین پر حملے کے دوران شہریوں کو نشانہ بنانے کی تردید کی ہے۔ ان دعوؤں کی آزادانہ طور پر تصدیق نہیں ہو سکی ہے۔ بعد کی ایک پوسٹ میں زیلنسکی نے کہا کہ روس نے رات بھر اور صبح تک ہمارے علاقوں پر حملے جاری رکھے۔ انہوں نے بتایا کہ مشرقی شہر خارکیف میں ایک بلند رہائشی عمارت پر حملے کے نتیجے میں اس کی دوسری اور چوتھی منزلوں کو جزوی نقصان پہنچا اور 28 افراد زخمی ہوئے، جن میں نو بچے شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کیف کے علاقے میں دو افراد ہلاک ہوئے، جن میں ایک آذربائیجانی شہری بھی شامل ہے۔ زیلنسکی کے مطابق ڈرون حملوں میں دارالحکومت میں رہائشی عمارتوں، مواصلاتی بنیادی ڈھانچے اور گیس اسٹیشنوں کو بھی نقصان پہنچا، جبکہ ایک کیفے تباہ ہو گیا اور ایک غذائی بازار میں آگ لگ گئی۔ اوڈیسا کے علاقے میں پلاؤ کے پرچم والے ایک بحری جہاز کو بھی نشانہ بنایا گیا، جبکہ ژیتومیر خطے میں آئس کریم بنانے والی ایک فیکٹری کو نقصان پہنچا۔ انہوں نے مزید کہا کہ سومی، ریونے، خارکیف اور اوڈیسا کے علاقوں میں رہائشی عمارتوں کو بھی نشانہ بنایا گیا، جبکہ وینیتسیا، دنیپرو، خملنیتسکی اور زاپوریژیا کے علاقوں میں اہم بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنایا گیا۔ زیلنسکی نے ماسکو کی جانب سے سفارتی رابطوں، بشمول امریکی مذاکرات کاروں کو دیے گئے پیغامات، پر بھی سوال اٹھایا۔ انہوں نے کہا، اگر روس واقعی کشیدگی میں کمی کی جانب کسی حقیقی قدم کی تیاری کر رہا ہوتا... تو شہید ڈرونز کے ذریعے دہشت کی یہ لہر جاری نہ ہوتی۔ انہوں نے ماسکو پر الزام عائد کیا کہ وہ ایسے اشارے دے رہا ہے جو دنیا محض سننا چاہتی ہے تاکہ جنگ کے خلاف مزید سخت ردعمل کو مؤخر کیا جا سکے۔ زیلنسکی نے واشنگٹن پر زور دیا کہ وہ امریکی سینیٹر لنڈسی گراہم کی حمایت یافتہ پابندیوں اور محصولات سے متعلق قانون سازی کو مکمل طور پر نافذ کرے۔ ان کے مطابق یہ قانون سازی اب نفاذ کے مرحلے میں پہنچ چکی ہے۔

## ایران کا آبنائے ہرمز میں امریکی زیرِ آب ڈرون پکڑنے کا دعویٰ

### امریکہ نے دعوے کو مایوسی کا اقدام قرار دے کر مسترد کیا



واشنگٹن ڈی سی: ایران کی اسلامی انقلابی گارڈ کور (آئی آر جی سی) کی بحریہ نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے آبنائے ہرمز میں ایک بغیر پائلٹ والی خودکار گاڑی (اے یو وی) یعنی ریموس 600 کو قبضے میں لیا ہے۔ بعد ازاں تصدیق ہوئی کہ یہ امریکی فوج کا "ایم کے 18 موڈ 2 کنگ فش" تھا۔ سرکاری نشریاتی ادارے ایریب کی جانب سے اتوار کو جاری کردہ ایک سرکاری بیان کے مطابق، ایرانی فوج نے اسے اسٹریٹجک آبی گزرگاہ آبنائے ہرمز میں کام کرنے والا "امریکی دہشت گرد فوج کا دوسرا زیرِ آب اثاثہ" قرار دیا۔ آئی آر جی سی نے کہا کہ یہ قبضہ ایرانی فوجی انٹیلی جنس کی نگرانی اور الیکٹرانک وارفیئر کی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے ایک "مربوط اور پیچیدہ آپریشن" کے ذریعے عمل میں لایا گیا۔ بیان میں کہا گیا، "اللہ کے فضل و کرم سے، آئی آر جی سی بحریہ کے اہلکار انٹیلی جنس اور الیکٹرانک وارفیئر کی صلاحیتوں پر مشتمل ایک مربوط اور پیچیدہ آپریشن کے ذریعے امریکی دہشت گرد فوج سے تعلق رکھنے والے ایک جدید ڈرون (یو اے وی) کو قبضے میں لینے میں کامیاب ہو گئے، اس آلہ سے آبنائے ہرمز میں جاسوسی کا کام کیا جا رہا تھا۔" آئی آر جی سی بحریہ نے ابتدائی طور پر روکے گئے اس آلے کی شناخت ریموس 600 کے طور پر کی ہے جو ایک ذہین اور خودکار بغیر پائلٹ کی زیرِ آب گاڑی ہے۔ ایرانی حکام نے الزام لگایا کہ یہ آبنائے کے اندر نگرانی کا مشن انجام دے رہی تھی۔ بیان میں مزید کہا گیا، "یہ زیرِ آب آلہ ریموس 600 نامی ایک ذہین اور جدید یونٹ ہے، اسے آئی آر جی سی بحریہ نے قبضے میں لے لیا ہے اور اب یہ ڈیٹا کے حصول کے لیے فورس کے ماہرین کے پاس موجود ہے۔" ایریب نے آئی آر جی سی کے بیان کا حوالہ دیتے ہوئے تصدیق کی کہ قبضے میں لی گئی آبدوز نما کشتی کو فوج کی ماہر تکنیکی ٹیم کے حوالے کر دیا گیا ہے تاکہ اس کے نظام کا تجزیہ کیا جا سکے اور اس میں محفوظ ڈیٹا حاصل کیا جا سکے۔ دوسری جانب، الجزیرہ کی ایک رپورٹ کے مطابق، امریکی فوج نے ایران کے اسلامی انقلابی گارڈ کور کے ذریعہ آبنائے ہرمز میں امریکہ کی ایک جدید بغیر پائلٹ زیرِ آب نگرانی کرنے والی گاڑی کو قبضے میں لینے کے دعوے کو سختی سے مسترد کر دیا ہے۔ امریکی فوج نے اس دعوے کو "واضح طور پر مایوسی کا اقدام" قرار دیا ہے۔ الجزیرہ سے بات چیت کرتے ہوئے، امریکی سینٹرل کمانڈ کے ترجمان کیپٹن ٹم ہاکنز نے اتوار (مقامی وقت) کو ایرانی بیانات کی تردید کی اور کہا کہ خطے میں کام کرنے والے تمام امریکی بغیر پائلٹ سسٹمز کا مکمل ریکارڈ موجود ہے۔ کیپٹن ہاکنز نے کہا کہ امریکہ کو "اپنے تمام آپریشنل ڈرون اثاثوں پر مکمل اختیار" حاصل ہے اور انہوں نے آئی آر جی سی کے دعوؤں کو "واضح طور پر مایوسی کا اقدام" قرار دے کر مسترد کر دیا۔ وہیں، ایریب کی رپورٹ کے مطابق، آئی آر جی سی کی بحریہ نے اس اہم گزرگاہ (آبنائے ہرمز) پر سمندری آمدورفت کے حوالے سے اپنے سخت موقف کا اعادہ کیا ہے۔ انہوں نے آبنائے ہرمز کو بند قرار دیا اور خبردار کیا کہ وہ اس علاقے میں غیر مجاز آمدورفت کے خلاف سخت اور مسلسل کارروائی جاری رکھیں گے۔ بیان میں مزید کہا گیا، "آئی آر جی سی بحریہ دوٹوک الفاظ میں اعلان کرتی ہے کہ آبنائے ہرمز بند ہے، اور ہم آبنائے ہرمز کے اندر خطرناک سرگرمیوں اور غیر مجاز آمدورفت کے خلاف سخت اور مسلسل کارروائی کر رہے ہیں۔"

## ایران کے پاس امریکہ کے ساتھ مذاکرات کی کوئی منصوبہ بندی نہیں: ایرانی میڈیا



تہران، 28 ستمبر (یو این آئی) بتایا گیا ہے کہ ایران کا امریکہ کے ساتھ کوئی مذاکراتی منصوبہ موجود نہیں ہے۔ ایران کی سرکاری خبر رساں ایجنسی ارنا نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں شرکت کے لیے نیویارک جانے والے ایرانی وفد کے ایک اہلکار کا حوالہ دیتے ہوئے اطلاع دی ہے کہ اس وقت امریکہ میں موجود وزیر خارجہ عباس عراقچی باقاعدہ طے شدہ ملاقاتیں مکمل کرنے کے بعد منگل کو ایران واپس لوٹیں گے اور امریکہ کے ساتھ کسی نوعیت کا مذاکراتی منصوبہ موجود نہیں ہے۔ خبر میں یہ بھی کہا گیا کہ قطر کی ثالثی کے ذریعے ایران کی طرف سے امریکہ کو پہنچائے گئے شرائط کے بارے میں ابھی تک کوئی جواب موصول نہیں ہوا اور اس کا انتظار کیا جا رہا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا تھا کہ انہوں نے ایران کی جانب سے آبنائے ہرمز میں آمدورفت کے لیے پیش کردہ شرائط کو انہوں نے مسترد کر دیا ہے اور اس کے بعد انہوں نے کہا تھا کہ وہ اس ہفتے ایران کے ساتھ مذاکرات کے نئے دور کی توقع رکھتے ہیں۔

# نیپال میں مسلسل بارشوں سے سیلاب

## 23 افراد ہلاک ☆ مکانات بہے، سڑکوں پر ٹریفک نظام درہم برہم



کاٹھمنڈو: ہمالیائی ملک نیپال کو ایک بار پھر سیلاب کی صورت حال کا سامنا ہے۔ مسلسل بارشوں کے نتیجے میں آئے سیلاب سے متعدد گھر بہہ گئے ہیں اور ملک کے کئی حصوں میں سڑکوں پر ٹریفک نظام درہم برہم ہو گیا ہے۔ یہ ہمالیائی ملک گزشتہ ماہ آنے والے تباہ کن فلیش فلڈ کے اثرات سے اب بھی نبرد آزما ہے، جس میں کم از کم 1,453 افراد ہلاک ہو گئے، جب کہ 5,000 سے زائد اب بھی لاپتہ ہیں۔ پولیس کے مطابق، اتوار کے روز نیپال کے ضلع منانگ میں ہملونگ ہیمال چوٹی پر برفانی تودہ گرنے سے دو افراد ہلاک اور 10 دیگر لاپتہ ہو گئے۔ نار پھو کے علاقے میں 7,126 میٹر بلند ہملونگ ہیمال چوٹی کے بیس کیمپ پر گرنے والے اس برفانی تودے نے ایک خیمے کو ملبے تلے دبا دیا، جہاں نو کوہ پیما اور 13 معاون عملے کے ارکان پناہ لیے ہوئے تھے۔ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ آف پولیس شیلیندر تھاپا کے مطابق، اس واقعے کے بعد تقریباً 12 افراد لاپتہ ہو گئے تھے۔ پولیس نے بتایا کہ بعد میں چوٹی سے دو افراد کی لاشیں مل گئیں، جبکہ 10 دیگر اب بھی لاپتہ ہیں۔ وہیں اس سے قبل سنیچر کی رات ضلع پالپا کی ماتھاگڑھی رورل میونسپلٹی میں مٹی کا تودہ گرنے سے ایک گھر دب گیا، جس کے نتیجے میں پانچ افراد ہلاک ہو گئے۔ علیحدہ طور پر، گزشتہ چار دنوں کے دوران سیلاب، مٹی کے تودے گرنے، آسمانی بجلی اور بارش سے متعلقہ دیگر واقعات میں 16 افراد ہلاک ہوئے، جس سے مجموعی تعداد 23 ہو گئی ہے۔ لاپتہ افراد کی تلاش کے ساتھ ہلاکتوں کی تعداد میں اضافے کا خدشہ ہے۔ ملک میں گزشتہ پانچ دنوں کے دوران مون سون سے متعلق 439 واقعات ریکارڈ کیے گئے، جب کہ سکیورٹی اہلکاروں نے سیلاب، لینڈ سلائیڈنگ اور زیرِ آب آنے والے علاقوں سے متاثرہ 1,284 افراد کو ریسکیو کیا۔ کھٹمنڈو پوسٹ کی رپورٹ کے مطابق، صوبہ لمبینی کے ضلع روپندیہی میں، سنیچر کی رات ہناؤ دریا میں پانی کی سطح خطرے کے نشان سے تجاوز کرنے کے بعد، بٹول میں دریا کے کنارے بنے ہوئے چھ مکانات سیلابی ریلے میں بہہ گئے۔ مسلسل بارشوں کے نتیجے میں ہناؤ اور اس کے قریبی ندی نالوں میں طغیانی کے بعد تقریباً 200 گھر خطرے میں آ گئے، جس پر سکیورٹی اہلکاروں نے راتوں رات لگ بھگ 1,000 لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا۔ ضلع چتوان میں، نارائنی دریا اور ریوندی میں اتوار کی صبح پانی کی سطح خطرے کے نشان سے تجاوز کر گئی۔

# فیئر فورڈ فضائی اڈے کے قریب پانچ مشتبہ افراد گرفتار

### دہشت گردانہ کارروائی کی تیاری اور دھماکہ خیز مواد کا شبہ

لندن، 28 ستمبر (یو این آئی) برطانوی انسدادِ دہشت گردی پولیس نے جنوبی مغربی انگلینڈ میں واقع ایک فضائی اڈے کے قریب پانچ افراد کو دھماکہ خیز مواد سے متعلق جرائم اور دہشت گردانہ کارروائی کی تیاری کے شبہ میں گرفتار کیا ہے۔ یہ فضائی اڈہ ایران کے خلاف جنگ میں امریکی طویل فاصلے تک مار کرنے والے بمبار طیاروں کے استعمال میں آتا ہے۔ حکام کے مطابق پولیس کو اتوار کی نصف شب کے کچھ ہی دیر بعد تین مشتبہ گاڑیوں کے بارے میں اطلاع ملی، جو گلوسٹر شائر میں واقع رائل ایئر فورس کے فیئر فورڈ اڈے (آر اے ایف فیئر فورڈ) کی جانب جا رہی تھیں۔ پولیس نے بتایا کہ مسلح اہلکاروں نے کارروائی کرتے ہوئے قریبی گاؤں ولفورڈ میں پانچوں افراد کو گرفتار کر لیا۔ امریکی میڈیا نے یہ اطلاع دی کہ انسدادِ دہشت گردی پولیسنگ کی سینئر افسر وکی ایونز نے ایک بیان میں کہا ہم ابھی تحقیقات کے ابتدائی مرحلے میں ہیں اور پانچ افراد زیرِ حراست ہیں۔ جیسا کہ توقع کی جاتی ہے، ہم واقعے کے حالات کو سمجھنے کے لیے اپنے شراکت دار اداروں کے ساتھ قریبی تعاون کر رہے ہیں۔ حکام نے بتایا کہ احتیاطی اقدام کے طور پر تقریباً 85 گھروں کے مکینوں کو عارضی طور پر انخلا کرایا گیا، جبکہ فوج کی بم ناکارہ بنانے والی ٹیموں نے علاقے میں موجود گاڑیوں کا معائنہ کیا۔ گرفتار افراد کی شناخت ظاہر نہیں کی گئی ہے اور پولیس نے ممکنہ مقصد کے بارے میں بھی کوئی تفصیل نہیں بتائی۔ انسدادِ دہشت گردی پولیس کے مطابق پانچوں افراد کو دہشت گردانہ کارروائی کی تیاری کے شبہ میں بھی گرفتار کیا گیا ہے۔ برطانیہ کے انسدادِ دہشت گردی قوانین کے تحت پولیس کسی ملزم کو فردِ جرم عائد کیے جانے سے قبل 14 دن تک حراست میں رکھ سکتی ہے۔ گلوسٹر شائر پولیس کے اسسٹنٹ چیف کانسٹیبل رچرڈ اوکون نے کہا کہ ان کے محکمے کی ہنگامی خدمات کے پاس اس نوعیت کے بڑے واقعات سے نمٹنے کے لیے مکمل طور پر تیار منصوبے موجود ہیں اور عوام کو کچھ عرصے تک علاقے میں پولیس کی موجودگی دیکھنے کے لیے تیار رہنا چاہیے۔ اوکون نے کہا، ہم ان رہائشیوں کا شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں جنہوں نے آج صبح اپنے گھروں کو خالی کیا، ان کے تعاون اور سمجھ بوجھ کے لیے۔ ہم جانتے ہیں کہ اس صورت حال سے انہیں زحمت ہوئی ہوگی اور ہم انہیں یقین دلانا چاہتے ہیں کہ ہم انہیں جلد از جلد ان کے گھروں میں واپس بھیجنے کے لیے کام کر رہے ہیں۔ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے گرفتاریوں کو شاندار قرار دیا اور کہا کہ امریکہ اور برطانیہ کافی عرصے سے ان افراد کی تحقیقات کر رہے تھے۔ ٹرمپ نے شکاگو میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا، برطانیہ کے ساتھ مل کر یہ ایک شاندار کارروائی تھی۔ وہ ہمارے اڈے کو بہت بڑا نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہے تھے اور برطانوی حکام کے ساتھ مل کر کام کرنا بہت اچھا ثابت ہوا۔ ٹرمپ نے کہا کہ مشتبہ افراد کچھ عرصے سے نگرانی میں تھے اور برطانوی اور امریکی حکام نے مشترکہ طور پر ان کی گرفتاری کی کارروائی کی۔ ان کے مطابق یہ افراد امریکی تنصیب کو بہت بڑا نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہے تھے۔ برطانوی میڈیا نے ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ مقامی رہائشیوں نے پولیس کو اطلاع پہنچانے میں کردار ادا کیا ہو سکتا ہے۔ آر اے ایف فیئر فورڈ کو ایران کو نشانہ بنانے والی کارروائیوں میں شامل امریکی فضائیہ کے بی-1 بمبار طیاروں نے استعمال کیا ہے۔ یہ اڈہ امریکی گلوبل اسٹرائیک کمانڈ کے لیے ایک پیشگی آپریشنل مرکز بھی ہے، جو طویل فاصلے تک مار کرنے والی کارروائیوں کی نگرانی کرتی ہے۔ برطانیہ نے رواں سال کے اوائل میں ایرانی میزائل تنصیبات کے خلاف امریکی حملوں کے لیے اس کے استعمال کی اجازت دی تھی۔ یونٹ کے ترجمان نے کہا، ہم چوکس ہیں اور اپنے امریکی فوجی اہلکاروں، شہری ملازمین، کنٹریکٹرز اور ان کے اہل خانہ کی سلامتی اور تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے مناسب اقدامات کریں گے۔ برطانوی وزیر اعظم اینڈی برنہم نے اتوار کو ہنگامی خدمات کا شکریہ ادا کیا اور مقامی رہائشیوں سے احتیاطی جانچ پڑتال کے دوران ان کے تعاون پر اظہار تشکر کیا۔ انہوں نے ایکس پر کہا میں جانتا ہوں کہ آر اے ایف فیئر فورڈ کے قریب آج کا واقعہ مقامی رہائشیوں اور ملک بھر میں ہونے والی پیش رفت پر نظر رکھنے والے بہت سے لوگوں کے لیے گہری تشویش کا باعث ہوگا اس سے قبل اتوار کو حکومت کے ایک ترجمان نے کہا تھا کہ وزیر اعظم کو واقعے سے متعلق مسلسل اطلاعات دی جا رہی ہیں۔ ترجمان نے کہا ہم ہنگامی خدمات کے شکر گزار ہیں جنہوں نے فوری کارروائی کرتے ہوئے متعدد مشتبہ افراد کو حراست میں لیا اور کمیونٹی کو محفوظ رکھنے کے لیے اقدامات کیے۔ انہوں نے مزید کہا، تحقیقات جاری ہونے کے دوران اس بارے میں مزید تبصرہ کرنا مناسب نہیں ہوگا۔



# ایتھوپیا کا سوڈان، مصر پر باغیوں کی حمایت کا الزام

## ٹیگرے میں دوبارہ جھڑپیں، خانہ جنگی کا خدشہ بڑھا



میکلے، 28 ستمبر (یو این آئی) ایتھوپیا کے فوجی سربراہ نے سوڈان اور مصر پر ملک کے شمال میں سرکاری فوج سے لڑنے والے مسلح گروپوں کی حمایت کرنے کا الزام عائد کیا ہے۔ یہ الزام ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب ٹیگرے پیپلز لبریشن فرنٹ (ٹی پی ایل ایف) اور وفاقی حکومت کے درمیان شدید جھڑپیں دوبارہ شروع ہو گئی ہیں۔ فوج کے یوٹیوب چینل پر اتوار کو خطاب کرتے ہوئے فیلڈ مارشل برہانو جولا نے کہا کہ فوج کو ایسی قوتوں کا سامنا ہے جو بیرونی طاقتوں کے مفادات کی تکمیل کے لیے منظم اور ان کی حلیف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ قوتیں سوڈان، مصر اور دیگر بیرونی طاقتوں کی حمایت، مدد اور رسد کے بغیر کوئی پیش رفت حاصل نہیں کر سکتیں۔ سوڈانی فوج نے اتوار کو ایک بیان میں ان الزامات کو مسترد کرتے ہوئے انہیں بے بنیاد قرار دیا۔ سوڈانی فوج 2023 سے ملک میں نیم فوجی دستے ریپڈ سپورٹ فورسز (آر ایس ایف) کے خلاف خانہ جنگی میں مصروف ہے۔ فوج نے جوابی الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ آر ایس ایف کو ایتھوپیا کی سرزمین سے مدد مل رہی ہے، جس میں تربیت، رسد اور ڈرونز سے متعلق فوجی سرگرمیاں بھی شامل ہیں۔ وزیر اعظم ابی احمد کی قیادت میں ایتھوپیا کی وفاقی حکومت اور ٹی پی ایل ایف کے درمیان لڑائی بدھ کو دوبارہ شروع ہوئی، جس سے 2020 سے 2022 تک جاری رہنے والی خانہ جنگی کے دوبارہ شروع ہونے کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ اس جنگ میں اندازاً چھ لاکھ افراد ہلاک ہوئے تھے۔ ٹیگرے کے دارالحکومت میکلے میں باغی انتظامیہ کے لیے اہم سمجھے جانے والے ٹیگرائی ٹی وی کے ہیڈکوارٹر کو اتوار کے روز ڈرون سے نشانہ بنایا گیا۔ الجزیرہ کے نمائندے میلکم ویب نے کینیا کے دارالحکومت نیروبی سے رپورٹنگ کرتے ہوئے بتایا کہ ایتھوپیا کی حکومت نے گزشتہ ہفتے کہا تھا کہ ٹیگرائی ٹی وی کی سرگرمیاں غیر معینہ مدت کے لیے معطل کر دی گئی ہیں۔ ویب نے کہا وفاقی حکومت نے اس ڈرون حملے پر کوئی تبصرہ نہیں کیا ہے، تاہم یہ حملہ ٹیگرے خطے میں مواصلاتی نظام میں ایک بڑی رکاوٹ کے بعد ہوا ہے۔ جمعہ سے ٹیلی مواصلاتی کمپنیوں نے ٹیگرے میں فون اور انٹرنیٹ خدمات میں بڑے پیمانے پر خلل کی اطلاع دی ہے، جس کے باعث تنازع کی رپورٹنگ مشکل ہو گئی ہے۔ ویب نے مزید کہا، ہم نہیں جانتے کہ مواصلاتی نظام کی یہ بندش کون کر رہا ہے۔ آیا وفاقی حکومت گزشتہ خانہ جنگی کی اپنی حکمت عملی دہرا رہی ہے یا ٹی پی ایل ایف الیکٹرانک مواصلات کے استعمال کو روکنے کی کوشش کر رہا ہے تاکہ وفاقی حکومت انہیں اپنے ڈرون حملوں کے لیے نشانہ بنانے میں استعمال نہ کر سکے اقوام متحدہ کے سربراہ انتونیو گوتریس کے ترجمان نے کہا کہ سکریٹری جنرل ڈرونز کے استعمال اور شہریوں کو پہنچنے والے نقصان کی اطلاعات پر خاص طور پر تشویش میں مبتلا ہیں۔ تاہم ہلاکتوں اور زخمیوں کی تعداد کے بارے میں کوئی حتمی اعداد و شمار سامنے نہیں آئے ہیں۔ ٹی پی ایل ایف نے کئی ہوائی اڈوں پر قبضہ کر لیا ہے اور پڑوسی ریاستوں عفار اور امہارا میں بھی حملے کیے ہیں۔ تنظیم کا کہنا ہے کہ وہ حکومت کے خلاف دفاعی جنگ لڑ رہی ہے۔ الجزیرہ عربی کو ایک ذریعے نے بتایا کہ ایتھوپیا کی فوج نے جنوبی ٹیگرے کے شہر الاماتا پر کنٹرول حاصل کر لیا ہے اور وہ خطے کے اندر مزید آگے بڑھتے ہوئے میکونی اور مائی چیو کی جانب پیش قدمی کر رہی ہے۔ خبر رساں ایجنسی اے ایف پی کے مطابق، ٹی پی ایل ایف کے جنگجوؤں نے اتوار کو ٹیگرے کی سرحد کے قریب عفار خطے کے قصبے ایربتی پر قبضہ کر لیا۔ اے ایف پی نے بتایا کہ باغی تقریباً 100 کلومیٹر (60 میل) مشرق میں واقع قصبے افدیرا کی جانب پیش قدمی کر رہے تھے۔ ٹی پی ایل ایف نے ملک بھر کے چھ دیگر مسلح گروپوں کے ساتھ اتحاد کر لیا ہے اور بظاہر وہ گزشتہ جنگ کی اسی حکمت عملی کو دہرا رہا ہے، جس کے تحت ادیس ابابا کی جانب پیش قدمی کی گئی تھی۔ عفار میں موجودہ کارروائی کا مقصد جبوتی سے آنے والی رسد کی راہوں کو کاٹنا ہے۔

# فن لینڈ کا اسرائیل سے دفاعی تعاون برقرار رکھنے پر زور

## وزیر دفاع نے طویل مدتی فوجی تعلقات کو اہم قرار دیا

ہیلسنکی، 28 ستمبر (یو این آئی) فن لینڈ کو اسرائیل کے ساتھ طویل مدتی دفاعی تعاون برقرار رکھنا چاہیے۔ فن لینڈ کے وزیر دفاع انتی ہیکانن نے پیر کو یہ بات ایسے وقت کہی ہے جب یورپ کے بعض حصوں میں اسرائیل کے ساتھ فوجی تعلقات کو بڑھتی ہوئی تنقید اور پابندیوں کا سامنا ہے۔ فن لینڈ کی وزارت دفاع کی جانب سے جاری ایک بیان میں ہیکانن نے کہا کہ حالیہ برسوں میں اسرائیل سے حاصل کیے گئے ہتھیاروں کے نظام فن لینڈ کی دفاعی صلاحیتوں کا اہم حصہ بن چکے ہیں۔ انہوں نے خاص طور پر ڈیوڈز سلنگ فضائی دفاعی نظام، گیبریئل 5 میزائلوں اور اسپائک ٹینک شکن میزائلوں کا ذکر کیا۔ ان کے یہ تبصرے اسرائیل کے ساتھ فوجی تعاون کے حوالے سے یورپ میں جاری وسیع تر بحث کے دوران سامنے آئے ہیں۔ انسانی حقوق کی تنظیموں نے حکومتوں سے اسرائیل کو ہتھیاروں کی فراہمی روکنے کا مطالبہ کیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ہتھیاروں کی مسلسل فراہمی غزہ میں بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزیوں میں معاون ثابت ہو سکتی ہے۔ اسپین نے اسرائیل کے ساتھ اسلحہ تجارت پر پابندیاں مزید سخت کر دی ہیں، جبکہ اٹلی نے رواں سال کے اوائل میں دفاعی تعاون کے معاہدے کی خودکار تجدید معطل کر دی تھی۔ اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل نے بھی 5 اپریل 2024 کو ایک قرارداد منظور کی تھی، جس میں اسرائیل کو ہتھیاروں کی تمام فروخت اور منتقلی روکنے کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ 47 رکنی انسانی حقوق کونسل نے 28 ارکان کی حمایت، 6 کی مخالفت اور 13 کی غیر حاضری سے اس قرارداد کی منظوری دی تھی۔ قرارداد میں قبضہ کرنے والی طاقت اسرائیل کو ہتھیاروں، گولہ بارود اور دیگر فوجی ساز و سامان کی فروخت، منتقلی اور ترسیل روکنے پر زور دیا گیا تھا تاکہ بین الاقوامی انسانی قانون کی مزید خلاف ورزیوں اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور پامالیوں کو روکا جا سکے۔ ہیکانن نے کہا کہ فن لینڈ کی جانب سے اسرائیلی دفاعی نظام کی خریداری اسرائیلی دفاعی کمپنیوں کے ساتھ طویل مدتی تعلقات بھی قائم کرتی ہے، کیونکہ ان نظاموں کے لیے اسپیئر پارٹس، سافٹ ویئر اپ ڈیٹس، تربیت اور تکنیکی معاونت درکار ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا یہ حقیقت ہمیں اسرائیل کے ساتھ تعاون سے جوڑے رکھتی ہے، چاہے ہم اسے پسند کریں یا نہ کریں۔ وزیر دفاع نے فن لینڈ کی 2024 کی دفاعی رپورٹ کا بھی حوالہ دیا، جس میں اسرائیل کو امریکہ اور جنوبی کوریا کے ساتھ دفاعی ساز و سامان کے حوالے سے فن لینڈ کا ایک اہم شراکت دار قرار دیا گیا ہے۔ ہیکانن کے مطابق، لیفٹ الائنس واحد فن لینڈ کی پارلیمانی جماعت تھی جس نے اسرائیل کے ساتھ تعاون کی مخالفت کی۔ وزیر دفاع کے یہ بیانات فن لینڈ کی موجودہ دفاعی خریداری کی ذمہ داریوں اور اسرائیل کو ہتھیاروں کی منتقلی اور اس کے ساتھ فوجی تعاون کے حوالے سے یورپ میں جاری وسیع تر بحث کے درمیان موجود کشیدگی کو نمایاں کرتے ہیں۔

# ناصر نظامی کی ماہیا نگاری: تین مصرعوں کا جہانِ معنی

ڈاکٹر حسنین ساحر

ماہیا پنجاب کی اجتماعی زندگی، لوک دانش اور انسانی جذبے سے جنم لینے والی ایسی صنف ہے جس میں اختصار اور وسعت ایک دوسرے سے ہم آہنگ ہو جاتے ہیں۔ تین مصرعوں کی محدود ساخت شاعر سے لفظی کفایت، صوتی شعور اور خیال کی تہ داری کا مطالبہ کرتی ہے۔ اس مختصر ہیئت میں محبت کی سرشاری سماتی ہے، جدائی کی کسک جگہ پاتی ہے، ہجرت کا دُکھ ابھرتا ہے اور گھریلو رشتوں کی حرارت محسوس ہوتی ہے۔ اُردو شاعری نے جب اس صنف کو قبول کیا تو اس کی زبان اور موضوعات میں نمایاں وسعت پیدا ہوئی۔ لوک روایت سے وابستہ رہتے ہوئے ماہیا ادبی تاریخ، باطنی تنہائی، سماجی تعلقات اور جدید انسان کے نفسیاتی مسائل کا ترجمان بننے لگا۔

ناصر نظامی کی ماہیا نگاری اسی توسیعی عمل کا حصہ ہے۔ ان کے ہاں ماہیا ایک مانوس لوک صنف ہونے کے ساتھ فکری تجربے کی مختصر صورت اختیار کرتا ہے۔ ان کی تخلیقی توجہ کسی ایک جذبے یا موضوع تک ہی محدود نہیں ہے۔ وہ ادبی شخصیات سے اپنا تہذیبی تعلق بھی ظاہر کرتے ہیں۔ انسانی گفتگو میں پیدا ہونے والے جبر کو محسوس کرتے ہیں۔ وقت کو تنہائی کی داخلی تقویم میں بدلتے ہیں۔ ہجرت اور واپسی کے تجربے کو علامتی سطح پر پیش کرتے ہیں اور خاندانی رشتوں کی حفاظت کو دعا کی زبان عطا کرتے ہیں۔ یوں ان کی ماہیا نگاری میں فرد، معاشرہ، روایت اور باطن ایک دوسرے سے مربوط دکھائی دیتے ہیں۔

ناصر نظامی کے فکری رویے کی ایک اہم جہت اُردو کی ادبی روایت سے وابستگی ہے۔ وہ کلاسیکی ادبی شخصیات کو تاریخ کے منجمد حوالوں کے طور پر نہیں دیکھتے بلکہ ان کی موجودہ معنویت کو دریافت کرتے ہیں۔ غالبؔ، اقبالؔ اور میر انیسؔ ان کے تہذیبی شعور میں تین مختلف ادبی جہات کی نمائندگی کرتے ہیں۔ غالبؔ فنی عظمت اور ذہنی بالادستی کی علامت ہیں۔ اقبالؔ فکر، خود آگہی اور فلسفیانہ جستجو کا حوالہ بنتے ہیں جب کہ میر انیسؔ سوز، بیان اور جذباتی تاثیر کی صورت میں سامنے آتے ہیں۔

غالبؔ سے متعلق ناصر نظامی کا ایک نمائندہ ماہیا ملاحظہ ہو:

ہر دل ترا طالب ہے
غالب کا سکہ
تو آج بھی غالب ہے

اس ماہیے میں لفظ "غالب" شخصیت کا حوالہ ہونے کے ساتھ معنوی کیفیت بھی پیدا کرتا ہے۔ آخری مصرعے میں یہی لفظ اپنے لغوی مفہوم کے باعث برتری اور غلبے کی علامت بن جاتا ہے۔ "سکہ" اقتدار، قبولیت اور اثر پذیری کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ غالبؔ کا سکہ چلنے سے مراد ان کی شاعری کی وہ فکری بالادستی ہے جو زمانے کی تبدیلی کے باوجود قائم ہے۔ ناصر نظامی کے نزدیک غالبؔ کی عظمت تاریخی احترام تک محدود نہیں بلکہ ان کا کلام آج بھی انسانی ذہن اور احساس پر اثر انداز ہو رہا ہے۔ "طالب" اور "غالب" کی صوتی مناسبت ماہیے کو داخلی آہنگ عطا کرتی ہے۔ درمیانی مصرع "غالب کا سکہ" نحوی اعتبار سے اختصار کی انتہائی صورت ہے۔ اس کا مفہوم سیاق سے واضح ہو جاتا ہے لیکن کسی فعلی قرینے کی موجودگی اظہار کو زیادہ مکمل بنا سکتی تھی۔ اس کے باوجود ماہیا غالب کی زندہ ادبی حیثیت کو سادہ اور یاد رہ جانے والی زبان میں پیش کرتا ہے۔

ناصر نظامی کے تہذیبی شعور میں اقبالؔ کی حیثیت عقیدت سے آگے بڑھ کر فکری تفہیم کا تقاضا کرتی ہے:

اقبال کو مانا ہے
ان کے فلسفے کو
اسرار کو جانا ہے

"مانا ہے" اور "جانا ہے" کی فعلی ترکیبیں اس ماہیے کے بنیادی مفہوم کو تشکیل دیتی ہیں۔ یہاں اقبالؔ کو تسلیم کرنے اور ان کے فکری اسرار تک پہنچنے کا عمل کسی آئندہ ارادے کے طور پر سامنے نہیں آتا بلکہ حاصل شدہ شعوری تجربہ بن کر ظاہر ہوتا ہے۔ "مانا" عقیدت اور فکری قبولیت کی علامت ہے جب کہ "جانا" تفہیم، مطالعے اور باطنی آگہی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔ ناصر نظامی اقبالؔ کی شخصیت کو رسمی عقیدت کے دائرے میں محدود نہیں رکھتے بلکہ ان کے فلسفے کی معنوی تہوں تک رسائی کو اس وابستگی کی تکمیل قرار دیتے ہیں۔

اقبالؔ کی فکر خودی، عمل، عشق، حریت اور انسانی امکانات کے متعدد پہلو رکھتی ہے۔ اس لیے "اسرار" کا لفظ ان کے فکری نظام کی گہرائی اور وسعت کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ پہلے اور تیسرے مصرعے میں "مانا" اور "جانا" کی صوتی مناسبت خوش آہنگی پیدا کرتی ہے اور دونوں افعال کے درمیان فکری ارتقا کا رشتہ قائم کرتی ہے۔ پہلے مرحلے میں اقبالؔ کی عظمت کا اعتراف ہے اور دوسرے مرحلے میں ان کی فکر کو سمجھنے کا دعویٰ سامنے آتا ہے۔ درمیانی مصرع "ان کے فلسفے کو" ان دونوں کیفیتوں کے درمیان معنوی ربط قائم کرتا ہے۔ تاہم اس مصرعے میں حرفِ اضافت "کو" کے باعث نحوی ساخت قدرے معلق محسوس ہوتی ہے کیوں کہ تیسرے مصرعے میں "اسرار کو" کی ترکیب دوبارہ آتی ہے۔ مجموعی مفہوم پھر بھی واضح رہتا ہے کہ اقبالؔ کو حقیقی طور پر ماننے کا مطلب ان کے فلسفے کے اسرار سے آگہی حاصل کرنا ہے۔

ادبی روایت سے تعلق کا تیسرا رُخ میر انیسؔ کے حوالے سے سامنے آتا ہے:

مرثیہ نگار تھے وہ
سوزِ تکلم سے
دل کرتے فگار تھے وہ

ماہیا پنجاب کی اجتماعی زندگی، لوک دانش اور انسانی جذبے سے جنم لینے والی ایسی صنف ہے جس میں اختصار اور وسعت ایک دوسرے سے ہم آہنگ ہو جاتے ہیں۔ تین مصرعوں کی محدود ساخت شاعر سے لفظی کفایت، صوتی شعور اور خیال کی تہ داری کا مطالبہ کرتی ہے۔ اس مختصر ہیئت میں محبت کی سرشاری سماتی ہے، جدائی کی کسک جگہ پاتی ہے، ہجرت کا دُکھ ابھرتا ہے اور گھریلو رشتوں کی حرارت محسوس ہوتی ہے۔ اُردو شاعری نے جب اس صنف کو قبول کیا تو اس کی زبان اور موضوعات میں نمایاں وسعت پیدا ہوئی۔ لوک روایت سے وابستہ رہتے ہوئے ماہیا ادبی تاریخ، باطنی تنہائی، سماجی تعلقات اور جدید انسان کے نفسیاتی مسائل کا ترجمان بننے لگا۔ ناصر نظامی کی ماہیا نگاری اسی توسیعی عمل کا حصہ ہے۔ ان کے ہاں ماہیا ایک مانوس لوک صنف ہونے کے ساتھ فکری تجربے کی مختصر صورت اختیار کرتا ہے۔ ان کی تخلیقی توجہ کسی ایک جذبے یا موضوع تک ہی محدود نہیں ہے۔ وہ ادبی شخصیات سے اپنا تہذیبی تعلق بھی ظاہر کرتے ہیں۔ انسانی گفتگو میں پیدا ہونے والے جبر کو محسوس کرتے ہیں۔ وقت کو تنہائی کی داخلی تقویم میں بدلتے ہیں۔ ہجرت اور واپسی کے تجربے کو علامتی سطح پر پیش کرتے ہیں اور خاندانی رشتوں کی حفاظت کو دعا کی زبان عطا کرتے ہیں۔ یوں ان کی ماہیا نگاری میں فرد، معاشرہ، روایت اور باطن ایک دوسرے سے مربوط دکھائی دیتے ہیں۔

"سوزِ تکلم" ایک بامعنی ترکیب ہے۔ اس میں انیسؔ کے بیان کی حرارت اور ان کے مرثیوں کی جذباتی تاثیر یکجا ہو گئی ہے۔ میر انیسؔ کا فنی کمال واقعاتِ کربلا کے بیان تک محدود نہیں۔ ان کے ہاں کردار نگاری، منظر نگاری، مکالمہ، رزمیہ حرکت اور جذباتی فضا کی تشکیل غیر معمولی قوت کے ساتھ سامنے آتی ہے۔ ناصر نظامی ان تمام جہات میں سے سوز و گداز کو منتخب کرتے ہیں کیوں کہ یہی عنصر انیسؔ کے کلام کو عوامی حافظے میں زندہ رکھتا ہے۔ پہلے اور تیسرے مصرعے میں "تھے وہ" کی تکرار حلقوی ساخت پیدا کرتی ہے۔ یہ تکرار ترنم میں اضافہ کرتی ہے اگر چہ خیال کو مزید وسعت دینے کی گنجائش محدود ہو جاتی ہے۔ "دل کرتے فگار تھے وہ" انیس کی شعری تاثیر کو ایک مختصر لیکن جامع تاثر میں سمیٹ دیتا ہے۔

غالبؔ، اقبالؔ اور انیسؔ سے متعلق یہ مثالیں واضح کرتی ہیں کہ ناصر نظامی ادبی تاریخ کو ماہیا جیسی عوامی صنف کی مختصر ہیئت میں منتقل کرتے ہیں۔ ان کا مقصد ان شخصیات کا تفصیلی تنقیدی مطالعہ پیش کرنا نہیں بلکہ ان کی ادبی شناخت کے مرکزی جوہر کو گرفت میں لینا ہے۔ غالبؔ کے لیے فنی غلبہ، اقبالؔ کے لیے فلسفہ اور انیسؔ کے لیے سوز بنیادی علامت بنتا ہے۔ اس طرح ادبی روایت کتابی حافظے کی چیز نہیں رہتی بلکہ زندہ تہذیبی تجربے کے طور پر ماہیا نگاری میں شامل ہو جاتی ہے۔

ناصر نظامی کی تخلیقی فکر کا دوسرا اہم دائرہ انسانی مکالمے، خاموشی اور تعلقات میں موجود طاقت کی ناہمواری سے تشکیل پاتا ہے۔ ان کے ہاں گفتگو ہمیشہ قربت کا وسیلہ نہیں بنتی۔ بعض اوقات بولنے کا اختیار رکھنے والا شخص دوسرے کی آواز دبا دیتا ہے۔ زبان اظہار کی بجائے غلبے کا ذریعہ بن جاتی ہے اور خاموشی رضامندی کی بجائے بے اختیاری کی علامت اختیار کر لیتی ہے۔ اس صورتِ حال کو ان کے چند ماہیے مختلف زاویوں سے پیش کرتے ہیں:

کہنے کا حق دے کر
کہتا رہا اپنی
مری چپ کا شک لے کر

----

چپ مجھ کو کراتا رہا
ساری رات مگر
بات اپنی سناتا رہا

ان مثالوں میں گفتگو کی سطح پر قائم ہونے والے نفسیاتی جبر کی نشان دہی ہوتی ہے۔ ایک شخص دوسرے کو اظہار کا حق دینے کا دعویٰ کرتا ہے لیکن گفتگو پر اپنی اجارہ داری قائم رکھتا ہے۔ "مری چپ کا شک لے کر" ایک پیچیدہ داخلی کیفیت کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ خاموشی کو قبولیت سمجھنے کی بجائے شک کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ متکلم بولنے کا موقع نہ ملنے کے باوجود اپنی خاموشی کا جواز دینے پر مجبور ہے۔ یوں خاموشی ایک ذاتی انتخاب نہیں رہتی بلکہ تعلق کے اندر موجود دباؤ کا نتیجہ بن جاتی ہے۔

دوسرے ماہیے میں یہی صورتِ حال زیادہ واضح ہو جاتی ہے۔ "چپ مجھ کو کراتا رہا" اور "بات اپنی سناتا رہا" کے درمیان معنوی کشمکش موجود ہے۔ یہاں تضاد تجربے کی اصل ساخت سے پیدا ہوتا ہے۔ بولنے والا خود کو مکالمے کا شریک نہیں بناتا بلکہ دوسرے کو سامع کے درجے پر رکھتا ہے۔ اس طرح ناصر نظامی شخصی تعلق کے اندر طاقت کی غیر مساوی تقسیم کو نمایاں کرتے ہیں۔ گفتگو دو انسانوں کے درمیان معنی کی مشترک تشکیل کا نام ہے لیکن یہاں وہ یک طرفہ اعلان میں بدل جاتی ہے۔ اسی رویے کی ایک اور صورت اس ماہیا میں سامنے آتی ہے:

اوروں کو بھی کہنے دو
بات مگر چلتی
تم میری ہی رہنے دو

پہلا مصرع ظاہری طور پر کشادہ اور جمہوری رویے کا اعلان معلوم ہوتا ہے لیکن آخری مصرعے میں اپنی بات پر اصرار برقرار رہتا ہے۔ اس طرح اظہار کی آزادی اور خود مرکزیت ایک ہی نفسیاتی فضا میں جمع ہو جاتے ہیں۔ درمیانی مصرع "بات مگر چلتی" نحوی طور پر مزید وضاحت چاہتا ہے۔ غالب امکان ہے کہ اس سے گفتگو کے تسلسل یا اپنی بات کے غالب رہنے کی کیفیت مراد ہے۔ اس مقام پر لفظی تہذیب اور نحوی تکمیل ماہیے کی معنوی کاٹ میں اضافہ کر سکتی ہے۔

ناصر نظامی کی ماہیا نگاری میں خاموشی صرف بولنے سے گریز کا نام نہیں ہے بلکہ یہ ایک نفسیاتی اور معاشرتی تجربہ ہے۔ متکلم کو خاموش کرایا جاتا ہے۔ اس کی خاموشی پر شک کیا جاتا ہے اور اسے دوسروں کی بات سننے پر مجبور کیا جاتا ہے۔ یہ کیفیت گھریلو رشتوں، دوستی، محبت اور وسیع تر سماجی ماحول پر منطبق ہو سکتی ہے۔ کسی خاص کردار یا واقعے کی عدم موجودگی اسے عمومی انسانی تجربہ بنا دیتی ہے۔ اس اعتبار سے ناصر نظامی کے ماہیے روزمرہ تعلقات کے اندر پوشیدہ اقتدار کو موضوع بناتے ہیں۔ وہ دکھاتے ہیں کہ آواز چھین لینے کے لیے ہمیشہ ظاہری جبر ضروری نہیں ہوتا۔ بعض اوقات مسلسل بولتے رہنا اور دوسرے کو سننے تک محدود کر دینا بھی خاموش کرانے کی ایک صورت بن جاتا ہے۔

ناصر نظامی کے ہاں تنہائی ایک اور بنیادی باطنی کیفیت ہے۔ یہ تنہائی کسی ایک لمحے میں پیدا ہو کر ختم نہیں ہوتی بلکہ وقت کے ساتھ بڑھتی اور اپنی صورتیں بدلتی ہے۔ مئی، جون اور جولائی کے حوالے سے ان کے ماہیے وقت کو کیلنڈر کی خارجی ترتیب سے نکال کر باطنی تقویم میں بدل دیتے ہیں:

یہ کہتا ہے مجھ سے مئی
مرے جیسے یہاں
ہیں تنہا اور کئی

----

ابھی جون کو آنا ہے
رنج جدائی کا
ابھی اور اٹھانا ہے

----

جب آئے گا جولائی
اور بھی ہوگی جواں
میرے دل کی تنہائی

ان مثالوں میں مہینے موسم کی تبدیلی کے اشارے نہیں رہتے بلکہ انسانی باطن کی حالتوں کے نمائندہ بن جاتے ہیں۔ مئی کو انسانی آواز دینا تشخیص کی صنعت کا خوب صورت استعمال ہے۔ وہ متکلم کو بتاتا ہے کہ تنہائی صرف اس کا انفرادی المیہ نہیں ہے۔ اس جیسے بہت سے لوگ اسی کیفیت سے گزر رہے ہیں۔ یہ ادراک دُکھ کو ختم نہیں کرتا لیکن فرد کو اپنی تنہائی کے اجتماعی پس منظر سے آگاہ کر دیتا ہے۔ اسے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اپنے تجربے میں اکیلا نہیں۔

(جاری)

# غزل



سید بصیر الحسن وفاؔ نقوی

نہ پرچم ہے نہ دشتِ کربلا ہے
خدا جانے کہ یہ کیسی فضا ہے
ہوائیں تو مقابل ہیں دیوں کے
ہواؤں سے کہاں سورج لڑا ہے
مقدر اس میں تم کیوں دیکھتے ہو
ہتھیلی میں کہاں کچھ بھی لکھا ہے
یہ بستی سو رہی ہے مدتوں سے
یہاں خوابوں کا ہی اک سلسلہ ہے
بدن میں اس کے اک آتش چھپی تھی
مگر وہ برف سا کیوں لگ رہا ہے
کسی اک شخص کو الزام کیا دوں
یہاں سارا جہاں ہی مسئلہ ہے
مرا گھر شہر ہے سارے جہاں کو
مگر میرے لئے جنگل بنا ہے
اسے تم پھر رلانا چاہتے ہو
بڑی مشکل سے جو بچہ ہنسا ہے
تمہیں دنیا سے ہیں خواہش بہت سی
مگر تم نے بھی کچھ اس کو دیا ہے
لبِ ساحل پرندے کہہ رہے ہیں
یہاں کیا وقت بھی رک سا گیا ہے
اسی پر گرد آکر جم نہ جائے
بدن پر یہ مرے کپڑا نیا ہے
انھیں دن رات ہیں سب ایک جیسے
مری آنکھوں میں جاگا رت جگا ہے

☆☆☆☆☆

# ڈالرو کی قبر

دوسری اور آخری قسط

محمد بشیر

وہ بارہ سال بعد اپنی مٹی پر کھڑا تھا۔
اس نے دور سے اپنا گھر دیکھا۔
اسی پرانی جگہ پر۔
اسی لکڑی کے دروازے کے پیچھے۔
اس کے دل میں ایک خیال آیا۔
ماں اسے دیکھتے ہی رو پڑے گی۔
شاید اسے گلے لگالے گی۔
شاید پہلے ناراض ہو، پھر اس کے سر پر ہاتھ رکھ دے۔
اور وہ اس کے قدموں میں بیٹھ کر کہے گا:
"اماں، مجھے معاف کر دو۔"
وہ تیز قدموں سے آگے بڑھا۔
مگر محلے کی گلی کے آخری موڑ پر پہنچتے ہی اس کے قدم اچانک رک گئے۔
گھر کے باہر لوگ جمع تھے۔
مرد، بوڑھے، بچے۔
کسی کے چہرے پر بات نہیں تھی۔
صحن کے اندر سے عورتوں کے رونے کی دھیمی آواز آ رہی تھی۔
کامران کے ہاتھ سے سوٹ کیس چھوٹ گیا۔
"نہیں"...
اس کے ہونٹوں سے صرف ایک لفظ نکلا۔
پھر وہ چیخا:
"یا اللہ!"
وہ پاگلوں کی طرح گھر کی طرف بھاگا۔
لوگ خاموشی سے اس کے لیے راستہ چھوڑتے گئے۔
کسی نے اسے روکا نہیں۔
کسی نے اسے خوش آمدید نہیں کہا۔
صرف چند آنکھیں اس کا پیچھا کرتی رہیں۔
ان آنکھوں میں غصہ نہیں تھا۔
صرف ایک ایسی خاموش ملامت تھی جس سے کامران نظریں نہیں ملا سکتا تھا۔
وہ صحن میں داخل ہوا۔
درمیان میں لکڑی کے پرانے تخت پر ایک سفید چادر پڑی تھی۔
کامران کے قدم لڑکھڑا گئے۔
وہ آہستہ آہستہ آگے بڑھا۔
چادر کے نیچے چہرہ نظر آیا۔
رحمت بی بی۔
اس کی ماں۔
وہی تھی۔
مگر اب اس کی آنکھیں بند تھیں۔
وہ آنکھیں جو برسوں سے دروازے کی طرف دیکھتی رہی تھیں
وہ ہونٹ جو شاید آخری وقت تک بیٹے کا نام پکارتے رہے تھے۔
کامران گھٹنوں کے بل گر گیا۔
"اماں!"
اس نے چادر کو پکڑ لیا۔
"اماں، میں آ گیا ہوں۔"
اس کی آواز ٹوٹ گئی۔
"دیکھو تمہارا کامران آ گیا۔"
اس نے ماں کے ٹھنڈے پاؤں چھوئے۔
"اب میں کہیں نہیں جاؤں گا۔"
کوئی جواب نہیں آیا۔
"اماں، مجھ سے ناراض ہو؟"
خاموشی۔
"مجھے ملامت کرو۔ مجھے مار لو۔ لیکن ایک بار آنکھیں کھول دو۔"
خاموشی۔
صرف خوبانی کے درخت سے ایک زرد، سوکھا ہوا پتا ٹوٹا اور آہستہ سے سفید چادر کے کنارے پر آ گرا۔
کامران نے اس پتے کو دیکھا۔
اسے لگا جیسے بارہ سال کا ایک پورا موسم اس کے سامنے مٹی پر پڑا ہو۔
اسی وقت استاد حبیب اللہ، جو تخت کے قریب خاموش بیٹھے تھے، آہستہ سے اٹھے۔
ان کے ہاتھ میں ایک چھوٹا سا پرانا لوہے کا ڈبہ تھا۔
انہوں نے کامران کو دیکھا۔
"آ گئے، کامران میاں؟"
کامران نے آنکھیں اٹھائیں۔
"حکیم صاحب"...
آواز حلق میں اٹک گئی۔
استاد حبیب اللہ نے ڈبہ ہاتھ میں تھاما۔
"اب آ ہی گئے ہو تو ایک چیز تمہیں واپس کر دوں۔"
"کیا؟"
انہوں نے ڈبہ اس کے سامنے رکھ دیا۔
"یہ تمہاری ماں نے سنبھال کر رکھا تھا۔"
کامران نے ڈبہ کھولا۔
اندر غیر ملکی بینکوں کے کڑکتے ہوئے ڈالرز اور پاکستانی/ ہندوستانی روپے کے نوٹ رکھے تھے۔ وہی رقم جو وہ برسوں سے بھیجتا رہا تھا۔
کامران نے حیرت سے انہیں دیکھا۔
"یہ...؟"
جاوید آگے بڑھا۔
"تمہارے پیسے ہیں۔"
"ماں نے استعمال کیوں نہیں کیے؟"
جاوید کی آنکھیں بھر آئیں۔
"وہ کہتی تھی، بیٹا میرے لیے پیسے نہیں بھیجتا، خود کیوں نہیں آتا؟"
کامران نے ڈبہ ہاتھ میں لیا۔
"مگر علاج؟"
جاوید کی آواز میں برسوں کی دبی ہوئی تکلیف باہر آ گئی۔
"علاج ہوا۔ جتنا ہو سکتا تھا، ہوا۔ مگر بیماری صرف جسم میں نہیں تھی۔"
کامران نے اسے دیکھا۔
"وہ تمہیں دیکھنا چاہتی تھی۔"
"میں تو پیسے بھیجتا رہا"...
"وہ پیسے نہیں چاہتی تھی!"
جاوید کی آواز بلند ہو گئی۔
"اسے تمہارا ہاتھ چاہیے تھا۔ تمہاری آواز چاہیے تھی، وہ بھی فون کے اسپیکر سے نہیں، سامنے بیٹھ کر۔ اسے یہ یقین چاہیے تھا کہ اس کا بیٹا اس کے پاس ہے۔"
کامران نے نظریں جھکا لیں۔
جاوید نے ڈبہ اس کے ہاتھ سے لے کر زمین پر رکھ دیا۔
"تم کہتے رہے اگلے سال آؤں گا۔ پھر اگلے سال۔ پھر ایک اور سال۔"
وہ رک گیا۔
"اور وقت تم سے پہلے آ گیا۔"
کامران کے پاس جواب نہیں تھا۔
وہ دوبارہ ماں کے پاس بیٹھ گیا۔
"اماں"...
اس نے سفید چادر کو چھوا۔
"میں تو تمہارے لیے محل بنانے جا رہا تھا۔"
اس کی آواز میں ایک ٹوٹی ہوئی ہنسی آئی۔
"تمہیں تو بس میرا ساتھ چاہیے تھا، ہے نا؟"
خاموشی۔
جاوید نے نظریں دوسری طرف کر لیں۔
گاؤں کی ایک بزرگ خاتون، خالہ حفیظہ، آہستہ آہستہ آگے بڑھیں۔
انہوں نے کامران کے سر پر ہاتھ رکھا۔
"بیٹا، دیر بہت کر دی۔"
کامران نے کوئی جواب نہیں دیا۔
خالہ حفیظہ نے زمین پر پڑے ڈالرز کی طرف دیکھا۔
"یہ کاغذ بہت کچھ خرید سکتے ہیں، کامران۔"
وہ کچھ دیر خاموش رہیں۔
"مگر جو وقت گزر جائے، اسے واپس نہیں لا سکتے۔"
کامران نے زمین پر بکھرے نوٹوں کو دیکھا۔
اچانک اسے وہ پانچ لاکھ ڈالر یاد آئے جن کا نوٹیفکیشن چند دن پہلے اس کے فون پر آیا تھا۔
پانچ لاکھ ڈالر!

اور یہاں—
ایک ماں کی پوری زندگی اس کے سامنے خاموش پڑی تھی۔
مغرب کی طرف سورج جھک رہا تھا۔
گاؤں کے پرانے قبرستان میں ایک نئی قبر تیار تھی۔
رحمت بی بی کو اٹھایا گیا۔
کامران نے ماں کے جنازے کو اپنے کندھے پر رکھا۔
بارہ سال پہلے جس بیٹے نے اس گھر سے رخصت ہوتے وقت ماں کے ہاتھ چھوڑ دیے تھے،
آج وہی بیٹا اس کے آخری سفر میں اس کا بوجھ اپنے کندھے پر اٹھائے جا رہا تھا۔
قبرستان میں خاموشی تھی۔
مٹی نرم تھی۔
کامران نے ماں کو قبر میں اتارا۔
اس کے ہاتھ کانپ رہے تھے۔
پہلی مٹھی مٹی اس نے خود ڈالی۔
پھر دوسری۔
پھر تیسری۔
ہر مٹھی کے ساتھ اسے لگ رہا تھا جیسے وہ اپنی ہی زندگی کا کوئی حصہ دفن کر رہا ہو۔
لوگ آہستہ آہستہ واپس جانے لگے۔
کامران وہیں بیٹھا رہا۔
اس کے سامنے وہی لوہے کا ڈبہ پڑا تھا۔
اس نے ڈبہ کھولا۔
ڈالرز باہر نکالے۔
ایک نوٹ ہاتھ میں لیا۔
کچھ دیر اسے دیکھتا رہا۔
پھر وہ نوٹ مٹی پر رکھ دیا۔
اس کے بعد دوسرا۔
پھر تیسرا۔
کچھ ہی دیر میں اس کے ارد گرد ڈالرز بکھرے ہوئے تھے۔
ہوا کا ایک جھونکا آیا۔
کچھ نوٹ مٹی پر الٹ گئے۔
کامران نے انہیں اٹھانے کی کوشش نہیں کی۔
وہ قبر کے پاس گھٹنوں کے بل بیٹھ گیا۔
"اماں"...
اس کی آواز بہت دھیمی تھی۔
"مجھے معاف کر دو۔"
آنکھوں سے آنسو بہتے رہے۔
"میں سمجھتا رہا کہ میں تمہیں زندگی دے رہا ہوں۔"
وہ رک گیا۔

"مگر میں تم سے زندگی لے رہا تھا۔"
قبر خاموش رہی۔
کامران نے اپنا سر تازہ مٹی پر رکھ دیا۔
رات آہستہ آہستہ گاؤں پر اتر رہی تھی۔
دور کہیں کتے کے بھونکنے کی آواز آئی۔
خوبانی کے درخت کی شاخیں ہوا سے ہلیں۔
ایک اور زرد پتا ٹوٹ کر قبر کے پاس آ گرا۔
دور کہیں دنیا اپنے معمول کے مطابق چل رہی تھی۔
نیویارک میں شاید اسی وقت روشن عمارتوں کی کھڑکیوں میں چراغ جل رہے تھے۔ بینکوں میں لین دین ہو رہا تھا۔ کمپیوٹر کی سکرینوں پر اعداد بدل رہے تھے۔ کسی اکاؤنٹ میں لاکھوں ڈالر بڑھ رہے تھے اور کسی دوسرے میں کم ہو رہے تھے۔
مگر بیتالنجگ کے اس چھوٹے سے قبرستان میں کامران کے لیے ان اعداد کی کوئی حیثیت نہیں رہ گئی تھی۔
اس نے مٹی کو اپنی مٹھی میں بھرا۔
وہ مٹی، جسے چھوڑ کر وہ بارہ سال پہلے دولت کی تلاش میں نکلا تھا۔
وہی مٹی، جسے وہ دنیا کے مہنگے شہروں میں رہ کر بھول گیا تھا۔
اور اب یہی مٹی اس کی ماں کو اپنے اندر سمیٹ چکی تھی۔
کامران نے سر اٹھایا۔
اس کے سامنے ماں کی قبر تھی۔
قبر کے ایک طرف مٹی میں چند ڈالر پڑے تھے۔
چاندنی میں ان کی چمک اب بھی باقی تھی۔
مگر اس چمک میں اب کامران کو کچھ نظر نہیں آتا تھا۔
اس نے ہاتھ بڑھایا، ایک ڈالر اٹھایا، اسے دیکھا اور پھر آہستہ سے واپس قبر کی مٹی پر رکھ دیا۔
"تم جیت گئے، اماں"...
اس کے ہونٹ کانپے۔
"اور میں ہار گیا۔"
وہ دیر تک وہیں بیٹھا رہا۔
رات گہری ہوتی گئی۔
مٹی خاموش رہی۔
اور اس خاموشی میں پہلی بار کامران کو اپنی ماں کی وہ آواز سنائی دی جسے وہ برسوں سے سننے کے لیے ترستا رہا تھا:
"لوٹ آؤ، کامران۔ مٹی پکار رہی ہے۔"
کامران نے آنکھیں بند کر لیں۔
اس بار وہ آواز باہر سے نہیں آئی تھی۔
وہ اس کے اپنے اندر سے اٹھ رہی تھی۔
اور اس کے سامنے، ماں کی قبر کے پاس، مٹی میں پڑے ہوئے وہ ڈالر پہلی بار اسے دولت نہیں، ایک ایسی چیز دکھائی دے رہے تھے جسے وہ ساری زندگی کمانے کے بعد بھی کبھی خرید نہیں سکا تھا—
اپنی ماں کے ساتھ گزارا ہوا وقت۔

ریسرچ سکولر کشمیر یونیورسٹی
9906282957

